ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

ڈپٹی کمشنر سینٹرل طلحہ سلیم کی بلدیہ وسطی کے پانچوں ٹاؤن چیئرمینز ونمائندوں سے ملاقات۔

بلدیہ وسطی میں ترقیاتی کاموں کے ساتھ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کا عزم۔

ٹاؤن چیئر مین نیو کراچی محمد یوسف وافسران کی خصوصی شرکت۔

عوامی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ پولیو کے خلاف مہم میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔چیئر مین محمد یوسف

مورخہ:/ 15 اکتوبر 2024ء

کراچی ( )بلدیہ وسطی میں پولیو کے خلاف چلائی جانے والی مہم کو کامیاب بنانے کے لئے ڈپٹی کمشنر سینٹرل طلحہ سلیم نے بلدیہ وسطی کے پانچوں ٹاؤن چیئرمینز ونمائندوں سے اپنے دفتر میں ملاقات کی۔ٹاؤن چیئر مین محمد یوسف وافسران کی خصوصی شرکت۔چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے ساتھ عوام کو بلدیاتی سہولیات کی فراہمی بلاتعطل جاری رکھنے کا عزم۔اس موقع پر دیگر ٹاؤن کے منتخب نمائندوں کے ساتھ ٹاؤن کے افسران بھی موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر سینٹرل طلحہ سلیم نے میٹنگ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پانچوں ٹاؤن کے منتخب نمائندے وافسران ٹاؤن میں ترقیاتی کاموں اور عوام کو بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ بلدیہ وسطی میں پولیو کے خلاف چلائی جانے والی مہم کو کامیاب بنانے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔اس موقع پر چیئر مین محمد یوسف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم کی کامیابی ہم سب کی کامیابی ہے یہ ایک قومی فریضہ ہے اور ملک میں پولیو کے خاتمے کے لئے ہم سب کو مل جل کر کام کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ ہمارے نونہال زندگی بھر کی معذوری سے بچ سکیں۔چیئر مین محمد یوسف نے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن کی انتظامیہ پولیو ورکرز کی رہنمائی اور پولیو ٹیم کے ساتھ مکمل تعاون کرتی ہے چیئر مین نے مزید کہا کہ ڈپٹی کمشنر سینٹرل طلحہ سلیم کی ہدایت کے مطابق ٹاؤن انتظامیہ پولیو کے خلاف مہم میں پہلے سے زیادہ بہتر خدمات فراہم کرے گی انشاءاللہ جلد نیو کراچی ٹاؤن پولیو سے پاک ٹاؤن بن جائے گا۔

جاری کردہ:۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن